© rasailojaraid.com

مولانا فضل الرحمٰن افضل دھرمکوٹی
خانقاہ شریف

# در و دیوارِ مدینہ

کبھی ہم بھی مدینے کے در و دیوار دیکھیں گے
مکینِ گنبدِ خضرا کا ہم دربار دیکھیں گے

وہ جن میں چلتے پھرتے تھے نبی تبلیغ کی خاطر
گلی کوچے وہ دیکھیں گے وہی بازار دیکھیں گے

زمیں کے چپے چپے پر جہاں ہیں ثبت صدیوں سے
نقوشِ پائے حضرت سیدالابرارؐ دیکھیں گے

پڑھیں گے ہم نمازیں مسجدِ نبوی میں قسمت سے
عبادت و ریاضت کے عجب اسرار دیکھیں گے

جہاں نیکی کی آدھے لاکھ تک قیمت ہے بڑھ جاتی
ثوابِ بے پناہ کے اس جگہ انبار دیکھیں گے

جبیں رکھیں گے اپنی موضعِ قدمِ رسالت پر
تصوّر میں خدائے پاک کی سرکار دیکھیں گے

وہاں اصحابِ صُفّہ کے مقاماتِ ریاضت پر
زمانے بھر کے قطب ابدال اور اخیار دیکھیں گے

بلال ابن رباح پڑھتے اذاں تھے جن مواقع پر
وہ موقعے اور وہاں کے منبر و مینار دیکھیں گے

فرشتے جس پہ آتے ہیں درودِ پاک پڑھنے کو
اسی مرقد مبارک کے حسیں انوار دیکھیں گے

مواجہ پاک میں صلوٰت کے نغمات گا گا کر
حبیبِ کبریا کے لطف کا اظہار دیکھیں گے

ہیں محوِ خواب ہمراہ نبوت جو قیامت تک
وہ بوبکر و عمر دونوں نبی کے یار دیکھیں گے

اور اک دامادِ حضرت کا بقیع میں ہے پڑا سونا
اسی عثمانِ ذی النورین کا گھر بار دیکھیں گے

امام حسن زین العابدین اور فاطمہ زہرا
یہ اہلِ بیت ہیں ہم ان کے نیک اطوار دیکھیں گے

اور ام المؤمنین ام حبیبہ عائشہ حفصہ
جہاں لیٹی ہیں ان کی خاکِ عنبر بار دیکھیں گے

وہاں مابین بیتی منبری کا ہے جو اک روضہ
وہ باغ خلد ہے ہم خلد کے اشجار دیکھیں گے

کبھی جائیں گے کوہِ احد کی ہم سیر کرنے کو
کبھی واں سیّدالشہداء کا مشہد زار دیکھیں گے

کبھی ہوگی زیارت مسجدِ جمعہ کے موقع کی
کبھی پھر خندق و احزاب کے آثار دیکھیں گے

شہیدانِ محبّت کو ملیں گے بدر میں جا کر
قلیبِ بدر میں بوجہل کو مُردار دیکھیں گے

جنابِ حضرت سلمانِ فارس کے لئے واں پر
رسول اللہ کا بویا ہوا گلزار دیکھیں گے

پڑھیں گے مسجدِ تقویٰ میں دوگانہ ہم اے افضل
قبا میں دستِ نبوی کا وہ اک شہکار دیکھیں گے

© rasailojaraid.com